اور اس کے ساتھ شمالی علاقوں کی حسین و جمیل وادیوں' دریاؤں' جھیلوں' پہاڑوں اور ان کی ڈھلانوں پر اُگے جنگلوں کا تذکرہ ہے۔ بعض مضامین تحقیقی اور معلوماتی ہیں۔ چند ایک سفرنامے ہیں اور کچھ تصاویر۔ یوں بڑے متنوع انداز و اسلوب میں کراچی اور گوادر کے ساحلوں سے لے کر اسکردو اور ہنزہ سے آگے برفانی چوٹیوں اور کاغان اور سوات کے دل فریب علاقوں اور وادیٔ کیلاش تک کی سیر کرائی گئی ہے۔

نئے پرانے مختصر اور طویل مضامین کا یہ مجموعہ ہمیں سیروا فی الارض کی پُرزور دعوت دیتا ہے۔ خیال آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت خاص سے نوازتے ہوئے ہمیں ایک حسین و دل کش خطۂ زمین عطا کیا ہے لیکن--- ذرا سوچیے تو--- ہم اس کی ناقدری کے مرتکب تو نہیں ہو رہے؟ (ر-ہ)

تعارف کتب

☆ ماہنامہ الحق' خاص اشاعت بہ عنوان: اکیسویں صدی کے چیلنجز اور عالم اسلام' مدیر: مولانا سمیع الحق۔ ناشر: جامعہ دارالعلوم اکوڑہ خٹک۔ صفحات: ۲۷۹۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [ایک اہم موضوع پر تقریباً ۳۰ اہل قلم' علما' دانش وروں اور ماہرین تعلیم و سیاست کے مضامین۔ اکیسویں صدی میں پیش آمدہ خطرات اور مسائل کا ذکر اور ان سے عہدہ برا ہونے کے لیے تدابیر۔ اپنے موضوع پر ایک اچھی قابل قدر پیش کش۔]

☆ Reminders for People of Understanding [سمجھ دار لوگوں کے لیے یاد دہانی]۔ امتیاز احمد: ناشر: الوحید پرنٹرز' پوسٹ بکس ۹۴۲۱' مکہ مکرمہ۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: کچھ نہیں (مفت تقسیم کی گئی)۔ [مختلف موضوعات پر منتخب قرآنی آیات' ترجمہ اور توضیحات۔ مسجد نبویؐ کے ادب آداب' عمارت کے مختلف حصوں کا ذکر اور تفصیل--- بلااجازت چھاپنے کی اجازت ہے۔]

☆ قائداعظم اور بلوچستان ☆ قائدؒ بلوچستان میں ☆ قائداعظم' علی گڑھ تحریک اور بلوچستان ☆ قائداعظم' تحریک پاکستان اور صحافتی محاذ' پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر' ناشر: سیرت اکادمی بلوچستان' ۲۷۲' اے او بلاک III' سیٹلائٹ ٹاؤن' کوئٹہ۔ صفحات: (علی الترتیب) ۸۸' ۵۵' ۹۰' ۱۱۱۔ قیمت: ۴۰' ۳۰' ۴۰' ۶۰ روپے۔ [بلوچستان سے قائداعظم کے ہمہ پہلو تعلق' وہاں آمد' تقاریر' ملاقاتیں' علی گڑھ کے تعلیم یافتہ بلوچی حضرات کی یادداشتیں بہ سلسلہ تحریک پاکستان' بلوچستان کی صحافت میں ذکر قائدؒ اور تحریک پاکستان کی تفصیل--- دلچسپ' لائق مطالعہ اور معلومات افزا کتاب ہے۔ مولف قابل قدر ملّی اور پاکستانی جذبے سے سرشار ہیں۔]

☆ خانوادۂ نبویؐ کے فضائل و مناقب' مصنف: ڈاکٹر عبدالمعطی امین قلعہ جی' ترجمہ: ڈاکٹر محمود الحسن عارف۔ ناشر: مطبع ادب اسلامی' ۲/۱۷' رحمٰن پارک' گلشن راوی' لاہور۔ صفحات: ۲۶۴۔ قیمت: ۱۱۰ روپے۔ [حضرت علیؓ' حضرت فاطمۃ الزہراؓ' حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے فضائل و مناقب احادیث نبویؐ کی روشنی میں۔]